Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666

باب نمبر 11 | ذاتی خطوط

خط:

ذاتی خط میں ایک شخص دوسرے شخص کو کسی بات کی اطلاع دیتا ہے، کسی مسئلے پر اس کی رائے طلب کرتا ہے یا کسی کام میں پیش رفت جاننا یا بتانا چاہتا ہے۔ اسی لیے خط کو آدھی ملاقات بھی کہا جاتا ہے۔ اگرچہ اب پیغام رسانی کے لیے ای میل کی جدید سہولیت بھی موجود ہے۔ لیکن ای میل لکھنے کا طریقہ بھی خط سے ملتا ہی ہے۔ خط کو مکتوب، خط لکھنے والے کو کاتب اور جسے خط لکھا جائے اسے مکتوب الیہ کہتے ہیں۔

خط لکھتے وقت درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

☆ خط کے جملے چھوٹے اور الفاظ آسان ہوں۔
☆ بات سادہ اور آسان انداز میں لکھی جائے تاکہ مکتوب الیہ اسے آسانی سے سمجھ سکے۔
☆ غصے کی حالت میں خط نہیں لکھنا چاہیے۔
☆ القابات اور آداب سادہ اور مختصر ہونے چاہئیں۔
☆ عبارت کو ممکن حد تک دلچسپ بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔
☆ مکتوب الیہ کے درجے کا خیال رکھا جانا ضروری ہے۔

خط کا نمونہ

ڈیفنس۔ اسلام آباد
15 مئی 2018ء

پیارے ابا جان!

السلام علیکم!

....

....

....

....

والسلام
آپ کا فرمانبردار بیٹا
زین بن ریحان

www.downloadclassnotes.com

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666

دوست کے نام خط
(کتاب بھیجنے پر شکریہ کا خط)

مکان نمبر 69، گلی نمبر 91، سیکٹر G-6/1-4

5، دسمبر 2020ء

میرے پیارے دوست زین!

السلام علیکم!

امید ہے آپ کے مزاج بخیر ہونگے۔ آپ کی طرف سے خط کے ساتھ بھیجا پارسل ملا۔ پارسل کھول کے دیکھا تو میری خوشی کا ٹھکانہ نہ رہا۔ بانگ درا، بانگ درا میری سب سے پسندیدہ کتاب ہے۔

میں بچپن سے اس کتاب کے بارے میں سنتا آیا ہوں۔ اس کے اشعار اور نظمیں اچھی طرح سمجھ لیتا ہوں۔ باقی کلام سمجھ میں نہ آنے کے باوجود لطف دیتا ہے۔ علامہ اقبال کی یہ شاہکار کتاب ہے۔ اس سے طلبہ تو طلبہ دوسرے لوگ بھی بڑے شوق سے پڑھتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں۔

میں آپ کا ایک بار پھر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میرے لائق کوئی خدمت ہو تو ضرور لکھ بھیجیں۔

آپ کا دوست!

احمد علی

www.downloadclassnotes.com

والد کے نام خط
(امتحان میں کامیابی اور رقم منگوانے کے لیے)

اسلام آباد

22 اپریل 2020ء

محترم والد صاحب!

السلام علیکم!

خیریت مطلوب و موجود۔ آپ کا خط موصول ہوا۔ جس میں آپ نے میرے نتیجے کے بارے میں پوچھا ہے۔ تو ابا جان آپ کو یہ پڑھ کر بہت خوشی اور فخر محسوس ہوگا کہ آپ کا

بیٹا چھٹی جماعت میں اول آیا ہے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کا کرم اور آپ کی اور امی کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔

اب مجھے ساتویں جماعت کی کتابیں اور کاپیاں درکار ہیں۔ اس کے علاوہ اسکول کی فیس، ہاسٹل کے اخراجات اور نئی یونیفارم بھی لینی ہے۔ لہٰذا آپ مجھے جلد از جلد 5000 روپے کا منی آرڈر بھجوا دیں تاکہ میں اپنی پڑھائی باقاعدگی سے شروع کرسکوں۔

امی اور بھائی جان کو سلام اور چھوٹے بہن بھائیوں کو پیار۔

آپ کا پیارا بیٹا

ایان فرحان

والدہ کے نام خط
(اپنی پڑھائی اور صحت کے بارے میں)

کمرۂ امتحان

10 فروری 2020ء

پیاری امی جان!

السلام علیکم!

آپ کا خط ملا آپ نے میری پڑھائی اور صحت کے بارے میں فکرمندی کا اظہار کیا ہے۔ تو عرض یہ ہے کہ میں اب بالکل صحت مند ہوں۔ پچھلے ہفتے معمولی سا بخار تھا جو جلد ہی اتر گیا۔ میں مکمل طور پر پڑھائی پر توجہ دے رہا ہوں۔ میرے اسکول کے اساتذہ مجھے بڑی محنت اور توجہ سے پڑھاتے ہیں۔ بھائی جان میرے مشکل کام میں میری مدد کرتے ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور آپ کی دعاؤں سے امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کروں گا۔ میرے لیے دعا کرتی رہا کریں۔

آپ اپنی صحت کا خیال رکھا کریں۔ میں آپ کی صحت وسلامتی کے لیے ہر وقت دعا کرتا رہتا ہوں۔ میں انشاءاللہ دسمبر کی چھٹیوں میں آؤں گا۔

میری طرف سے ابو جان کو سلام کہیے گا۔

والسلام

آپ کا پیارا بیٹا

مہدی فرحان

www.downloadclassnotes.com
Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666

بڑے بھائی کے نام خط

(صحت اور تعلیمی حالت کے بارے میں اطلاع)

مکان نمبر 236/B، گلی نمبر 43، سیکٹر G-6/1-1 اسلام آباد

15 اپریل 2020ء

بڑے بھائی جان!

السلام علیکم!

چند روز قبل آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ یہ پڑھ کر دلی اطمینان ہوا کہ سب گھر والے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بالکل ٹھیک ہیں۔ آپ نے خط میں میری صحت اور تعلیمی کارکردگی کے بارے میں دریافت کیا ہے۔

الحمد للہ میری صحت بالکل ٹھیک ہے۔ چند روز قبل ہمارے پہلی سہ ماہی کے امتحان ختم ہوئے۔ میری کارکردگی اس امتحان میں تسلی بخش رہی۔ ریاضی اور انگریزی میں مجھے مزید محنت کرنا ہوگی۔ جون میں موسم گرما کی تعطیلات ہو رہی ہیں۔ میں ان تعطیلات میں فوراً آپ کے پاس حاضر ہوں گا۔ اور آپ کی مدد سے ان مضامین میں اپنی کمزوریاں دور کرنے کی مزید کوشش کروں گا۔ قوی امکان ہے کہ ان تعطیلات کے بعد ہونے والے امتحانات میں میری تعلیمی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔ آپ میری طرف سے بالکل مطمئن اور بے فکر رہیں۔

ابا جان اور امی جان کو سلام اور چھوٹی بہن کو پیار۔

والسلام

آپ کا چھوٹا بھائی

کاشف فرہاد

اسلام آباد

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666
www.downloadclassnotes.com

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666

www.downloadclassnotes.com

چھوٹی بہن کے نام خط
(امتحان میں کامیابی پر مبارک باد کے لیے)

اسلام آباد

8 اپریل 2020ء

پیاری بہن!

السلام علیکم!

تمہارا خط موصول ہوا، یہ پڑھ کر دل باغ باغ ہو گیا کہ تمہیں خدا نے امتحان میں شاندار کامیابی عطا کی ہے بلکہ تم نے وظیفہ بھی لے لیا۔ ہم سب بہت خوش ہیں اور تمہیں مبارکباد دیتے ہیں۔ سچ ہے کہ جو محنت کرتے ہیں وہی کامیاب ہوتے ہیں۔ محنت کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔ تمہیں تمہاری محنت کا پھل مل گیا۔ تمہاری کامیابی پر ہم سب کو فخر ہے۔ میری طرف سے ایک بار پھر مبارک باد قبول کرو۔

اب آئندہ کا کیا پروگرام ہے؟ کس اسکول میں داخلہ لینے کا پروگرام ہے۔ مجھے ضرور آگاہ کرنا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ آئندہ بھی ایسی ہی شاندار کامیابی تمہارا مقدر بنے۔ (آمین)

والسلام

تمہارا بڑا بھائی

مونس فرحان

سہیلی کے نام خط
(والد کی وفات پر تعزیت)

سیکٹر F-6/4، اسلام آباد

20 فروری 2020ء

پیاری سہیلی انعم!

السلام علیکم!

کل ہی عابدہ کا خط ملا جس سے تمہارے والد کی وفات کا پتہ چلا۔ اس خبر سے دل کو

بہت صدمہ پہنچا۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، آمین۔ ان کا شفیق چہرہ ابھی تک میری آنکھوں میں گھوم رہا ہے۔ لیکن پیاری سہیلی یہ سب کچھ ایسی حقیقت ہے جسے ہر حال میں تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ کیونکہ انسان کو موت پر اختیار نہیں۔ انسان کیا اس کائنات کی ہر چیز فانی ہے اور ایک دن ہمیں بھی اپنے رب کے حضور واپس چلے جانا ہے۔ رضائے الٰہی کے سامنے انسان کو سر جھکانا ہی پڑتا ہے۔

تمہارے اس دکھ میں ہم سب گھر والے برابر کے شریک ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے ان کے درجات بلند کرے اور آپ سب گھر والوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین! انشاءاللہ جلد ہی امی اور ابو کے ساتھ تمہارے گھر آؤں گی۔

والسلام

آپ کی شریک غم

حنا علی

ماموں کے نام خط
(سالگرہ پر مبارک باد کے لیے)

اسلام آباد

20، دسمبر 2020ء

پیارے ماموں جان!

السلام علیکم!

کل کی ڈاک سے بھائی جان کا خط موصول ہوا۔ انہوں نے لکھا ہے کہ 5 جنوری کو آپ کی پچاسویں سالگرہ ہے۔ جو نہایت شان و شوکت سے منائی جا رہی ہے۔ میری دلی خواہش تھی کہ میں اس مبارک تقریب میں خود شمولیت کروں لیکن مجبور ہوں۔ امتحان کی مصروفیت کی وجہ سے آنے سے قاصر ہوں کیونکہ آپ ہی کہتے ہیں کہ پڑھائی پہلے باقی بعد میں۔ امید ہے کہ آپ میری اس غیر حاضری کو معاف فرمائیں گے۔

اس مبارک تقریب پر میری طرف سے دلی مبارک قبول فرمائیں۔ اللہ آپ کی عمر دراز کرے اور آپ کی خوشی کا یہ دن زندگی میں بار بار آئے۔ بزرگوں کا سایہ اللہ کی رحمت ہوتا ہے۔ میرے لیے بھی دعا کریں۔ آپ کی دعائیں ہمارے لیے بہت قیمتی سرمایہ ہیں۔

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666

www.downloadclassnotes.com

اللہ آپ کو ایسی ڈھیروں خوشیاں دیکھنا نصیب کرے، آمین۔ نانی امی کیسی ہیں؟ ان کی خدمت میں میرا سلام اور چھوٹوں کو پیار۔

والسلام
آپ کا پیارا بھانجا
معاذ ریاض

دوست کے نام خط
(گرمیوں کی چھٹیاں اپنے ساتھ گزارنے کی دعوت)

کمرۂ امتحان
15، اپریل 2020ء

پیارے دوست احسن!

السلام علیکم!

امید ہے آپ بخیرت ہونگے۔ جیسا کہ یکم جون سے چھٹیاں ہو رہی ہیں۔ میری خواہش ہے کہ اس بار آپ چھٹیوں کا کچھ حصہ ہمارے ساتھ گزاریں۔ اپنے کام کی مصروفیت کی وجہ سے میں نے ابھی تک لاہور کے تاریخی مقامات کی سیر نہیں کی اور اکیلے جانے کو دل نہیں چاہتا۔

لاہور میں بہت سے تاریخی مقامات ہیں جو ثقافتی اور تاریخی لحاظ سے بہت قابل ذکر ہیں۔ یہاں کے باغات دنیا بھر میں مشہور ہیں۔ جیسے شالامار باغ۔ لوگ دور دور سے اس شہر کی سیر و سیاحت کے لیے آتے ہیں۔ ہم حضرت داتا گنج بخش کے مزار پر بھی حاضری دیں گے جنہوں نے برصغیر میں اسلام کی اشاعت کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔

مجھے امید ہے کہ آپ لاہور کی سیر کر کے یقیناً لطف اندوز ہونگے۔ تاریخ آمد سے مطلع کیجئے تاکہ میں اسٹیشن پر آپ کو لینے کے لیے وقت پر پہنچ جاؤں۔

میری طرف سے اپنے امی جان اور ابو جان کو سلام دعا۔

والسلام
آپ کا مخلص دوست
محسن یونس

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666
www.downloadclassnotes.com

کتب فروش کے نام خط

اسلام آباد

18 جون 2020ء

جناب مینیجر صاحب،

آسان بک ڈپو، اردو بازار اسلام آباد۔

السلام علیکم!

براہ کرم مندرجہ ذیل کتابوں کی ایک ایک جلد درج ذیل پتے پر بذریعہ وی پی پارسل کردیں اور مجھے شکریہ کا موقع دیں۔

آسان اردو برائے جماعت ہفتم	5 عدد
آسان اسلامیات برائے جماعت ہفتم	5 عدد
آسان انگلش گرامر برائے جماعت ہفتم	5 عدد
آسان انگلش ٹرانسلیشن جماعت ہفتم	5 عدد

امید ہے قیمتوں میں ہر ممکن رعایت دیں گے۔

والسلام

نیازمند

ولید افتخار

گورنمنٹ ہائی سکول راولپنڈی

www.downloadclassnotes.com
Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666

ایڈیٹر کے نام خط
(رسالہ کے اجراء کے لیے)

مکان نمبر 59، گلی نمبر 3، سیکٹر I-8/1 اسلام آباد

10 مئی 2020ء

جناب ایڈیٹر صاحب!

ماہنامہ ”تعلیم و تربیت“ لاہور

السلام علیکم!

کل ہی ایک دوست کے ہاتھ میں آپ کا موٴقر جریدہ دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ موٴقر جریدہ مجھے بہت پسند آیا۔ میں جماعت ہفتم کا طالب علم ہوں۔ عرصہ دو سال سے بچوں کے مختلف رسائل پڑھتا ہوں لیکن ان سب میں آپ کا ماہنامہ ”تعلیم و تربیت“ بہت دلچسپ اور معیاری ہے۔ اس میں بچوں کے لیے اسلامی کہانیاں، مضامین، تاریخی واقعات، دلچسپ نظمیں، مزیدار لطائف، خوبصورت باتیں، کارٹون کہانیاں اور مفید معلومات سب شامل ہیں۔ اس وجہ سے مجھے یہ رسالہ بہت پسند آیا ہے۔

پرچے کی سالانہ قیمت ارسال کر رہا ہوں۔ براہ مہربانی سال بھر کے لیے ”تعلیم و تربیت“ میرے نام جاری کر دیجیے۔ میں آپ کا شکر گزار ہوں گا۔

والسلام

خیر اندیش

فرقان کامران

☆......☆......☆......☆

www.downloadclassnotes.com